سوال

[illegible]

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اچین سونے کا نہیں ہوتا لیکن اس پر سونے کا پانی ضرور ہوتا ہے کتاب وسنت کی روشنی میں اس کی وضاحت فرمائیں (محمد عمران ---بہاولپور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے : "اے نبی! ان سے دریافت کریں کہ کس نے اللہ تعالیٰ کی اس زینت کو حرام کیا ہے جسے اس نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کیا ہے۔ (7/الاعراف : 23)

ہے کہ انسان کے لیے ہر قسم کی زینت مطلق طور پر حلال نہیں ہے بلکہ اس کے لیے کچھ حدود ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) اس زینت کی حرمت نص قطعی سے ثابت نہ ہو جیسا کہ سونے اور ریشم کے متعلق حدیث میں ہے کہ ان کا استعمال عورتوں کے لیے جائز اور مردوں کے لیے ناجائز ہے فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے : "سونا اور ریشم میری امت کی عورتوں کے لیے حلال اور مردوں کے لیے حرام کیا گیا ہے

(2) اس زینت سے نمود و نمائش اور ریاکاری مقصود نہ ہو ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ مجھے تمہارے متعلق زیادہ اندیشہ شرک اصغر یعنی ریاکاری میں مبتلا ہو جانے کا ہے (مسند امام احمد : ج 5 ص 428)

(3) عورتوں سے مشابہت کرنے کے لیے اس زینت کو استعمال نہ کیا گیا ہو حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان مردوں پر لعنت کی ہے جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں۔ (مسند امام احمد : ج 1 ص 339)

(4) [illegible]

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد : 1 صفحہ : 434